ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((689

22-12-2021

بہاول پور() کرسمس تہوار کے حوالے سے سیکیورٹی پلان ترتیب دے دیا گیا،ضلع میں 44 پروگرامز منعقد ہونگے،جن پر 01 ہزار کے قریب پولیس افسران وجوان اپنے فرائض سرانجام دیں گے،اقلیتی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی مکمل ایس او پی و نیشنل ایکشن پلان کے مطابق سرانجام دی جائے گی،اقلیتی برادری کی سیکیورٹی کو فول پروف رکھا جائے،غفلت و لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی ،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان،انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کی فول پروف سیکیورٹی کے احکامات کے مطابق ڈی پی او محمد فیصل کامران کی ہدایات پر کرسمس تہوار کے حوالے سے سیکیورٹی پلان ترتیب دے دیا گیا۔کرسمس تہوار کے حوالے سے ضلع میں 44 پروگرامز منعقد ہونگے، چرچ ہائے پر ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز سمیت 01 ہزار کے قریب پولیس افسران/ جوان کے علاوہ ویلینٹئرز بھی ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے تاکہ تقریبات میں حصہ لینے والے اپنے چرچ ہائے میں مذہبی رسومات پر امن ماحول میں سرانجام دے سکیں۔ڈسٹرکٹ پولیس کے ساتھ ایلیٹ فورس اور ڈولفن اسکواڈ،محافظ اسکواڈ بھی اپنی ڈیوٹیاں سرانجام دیں گے جبکہ چھتوں پر بھی جوان تعینات ہونگے۔پروگرام میں شامل ہونے والے افراد کی چیکنگ کو یقینی بنائی جائے اور خواتین کی تلاشی کے لئے لیڈی پولیس اہلکار بھی موجود ہونگی۔سیکیورٹی انتظامات کو CCTV کیمروں سے بھی مانیٹر کیا جائے گا۔واک تھرو گیٹ وٹیکنیکل سویپنگ کی تنصیب اور فیزیکل چیکنگ کے لئے سپیشل برانچ کا عملہ بھی تعینات ہوگا جبکہ مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھنے کے لیے سول پارچات میں بھی اہلکار ڈیوٹی پر مامور ہونگے،عبادات کے دوران پولیس کی گشت کناں گاڑیاں چرچز کے اردگرد سیکیورٹی کو یقینی بنانے کے لئے گشت کو جاری رکھیں گی۔ٹریفک کو رواں دواں رکھنے کے لیے ٹریفک کا ڈیوٹی پلان بھی ترتیب دیا گیا ہے۔ڈی پی او نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ 25 دسمبر کو عام تعطیل اور کرسمس تہوار کو مدنظر رکھتے ہوئے تفریحی مقامات خاص طور پر چڑیا گھر،نیشنل پارک لال سوہانرا،SS ورلڈ اور دیگر پبلک مقامات پر سیکیورٹی کے انتظامات کو بھی یقینی بنائیں گے اور اپنے اپنے علاقہ میں ایسے مقامات کو وقتاً فوقتاً چیک بھی کریں گے۔ڈی پی او نے مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایچ اوز اور پٹرولنگ ڈیوٹی پر مامور افسران اقلیتی عبادت گاہوں کی اردگرد گشت کو بھی یقینی بنائیں،کسی بھی مشتبہ اشخاص سے پوچھ گچھ اور اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد رہنے والے غیر متعلقہ افراد پر بھی نظر رکھیں،اقلیتی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی پر کسی قسم کا کوئی بھی کمپرومائز نہیں کیا جائے گا۔کرسمس تہوار کے حوالے سے یا کسی بھی ایمرجنسی صورت حال کے پیش نظر ڈی پی او آفس میں کنٹرول روم قائم کیا جارہا ہے،جو کرسمس تقریبات کے اختتام تک اپنے فرائض سرانجام دے گا،ان ٹیلی فون نمبر 062-9250363،وائرلیس کنٹرول نمبر 062-9255109 یا پکار 15 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

جام محمد ساجد
ترجمان پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(690)

22-12-2021

بہاول پور()پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں،داؤ پر لگی رقم،منشیات وناجائز اسلحہ برآمد،متعدد ملزمان گرفتار،مقدمات درج،سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں انہیں معاشرے کے لیے ناسور نہیں بننے دیا جائے گا،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان،ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کی پالیسی "جرائم سے پاک معاشرہ" پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ڈی پی او محمد فیصل کامران کی ہدایات کے مطابق بہاول پور پولیس سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے، پولیس تھانہ صدر احمد پور شرقیہ نے قمار بازوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزمان محمد الطاف،محمد عباس،محمد جہانگیر اور شبیر احمد کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 2960 روپے داؤ پر لگی رقم اور تاش کے پتے برآمد کر لیے۔پولیس تھانہ سول لائنز نے سموکنگ ایکٹ کے تحت کارروائی کرتے ہوئے ملزم عمر گل کو گرفتار جبکہ اس کے قبضہ سے پسٹل 30 بور بھی برآمد کر لیا۔پولیس تھانہ بغداد الجدید،نوشہرہ جدید اور عنایتی نے شرب فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزمان حمید،شہباز ، دلشاد اور شاکر علی کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 115 لیٹر شراب برآمد کر لی۔پولیس تھانہ سمہ سٹہ اور سٹی حاصل پور نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزم وسیم علی اور عابد حسین کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 02 عدد پسٹل 30 بور برآمد کر لیے۔گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے،ڈی پی او محمد فیصل کامران نے اپنے پیغام میں کہا کہ سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں،انہیں معاشرے کے لیے ناسور نہیں بنا دیا جائے گا۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس

بہاول پور:پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں،متعدد ملزمان گرفتار،مقدمات درج۔